Watch Video Explanation of these notes on our website: www.LastHopeStudy.Com

تَرْجَمَۃُ الْقُرْاٰنِ الْمَجِیْد

جماعت نہم

سُوْرَۃُ سَبَاٍ

LAST HOPE STUDY
Download All Subjects Notes from website www.lasthopestudy.com

مشق

Web Version of PCTB Not For Sale

1 درست جواب کی نشان دہی کیجیے۔

i قومِ سبا آباد تھی:

(الف) فلسطین میں (ب) شام میں (ج) عراق میں (د) یمن میں

ii قومِ سبا نے روش اختیار کی:

(الف) جھوٹ کی (ب) ناشکری کی (ج) کام چوری کی (د) فساد کی

iii حضرت داؤد علیہ السلام کے بیٹے کا نام ہے:

(الف) حضرت یوسف علیہ السلام (ب) حضرت موسیٰ علیہ السلام (ج) حضرت سلیمان علیہ السلام (د) حضرت اسحاق علیہ السلام

iv انسان کی عظمت ہے:

(الف) عہدے میں (ب) مال میں (ج) محنت میں (د) طاقت میں

v مال و اولاد ہیں:

(الف) کامیابی کی نشانی (ب) زندگی کا امتحان (ج) طاقت کی نشانی (د) تقویٰ کی نشانی

2 مختصر جواب دیجیے۔

i سُوْرَۃُ سَبَاٍ کا یہ نام کیوں رکھا گیا؟

ii سُوْرَۃُ سَبَاٍ کا خلاصہ لکھیے۔

iii سُوْرَۃُ سَبَاٍ کے اہم علمی و عملی نکات میں سے دو تحریر کیجیے۔

iv قومِ سبا کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

Watch video explanation of these notes on our YouTube Channel Last Hope Study

Watch Video Explanation of these notes on our website: www.LastHopeStudy.Com

جوابات

(i) سُوْرَۃُ سَبَا کا یہ نام کیوں رکھا گیا؟

جواب: اس سورت میں قومِ سبا کا ذکر موجود ہے، اسی مناسبت سے اس کا نام سُوْرَۃُ سَبَا رکھا گیا ہے۔

(ii) سُوْرَۃُ سَبَا کا خلاصہ لکھیے۔

جواب: سُوْرَۃُ سَبَا کا خلاصہ "اسلام کے بنیادی عقائد کا بیان اور آخرت کے بارے میں مشرکین کے اعتراضات کا جواب" ہے۔

(iii) سُوْرَۃُ سَبَا کے اہم علمی و عملی نکات میں سے دو تحریر کیجیے۔

جواب: سُوْرَۃُ سَبَا کے دو اہم علمی و عملی نکات:

1 اللہ تعالیٰ کائنات کے ایک ایک ذرہ، اس سے بڑی یا اس سے چھوٹی ہر چیز کو جاننے والا ہے۔

2. اللہ تعالیٰ کی ناشکری پر نعمت چھین لی جاتی ہے۔

(iv) قومِ سبا کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب: قومِ سبا یمن میں آباد تھی، اللہ تعالیٰ نے انھیں ہر طرح کی خوش حالی سے نوازا تھا، لیکن انھوں نے ناشکری کی روش اختیار کی اور کفر و شرک کو فروغ دیا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ان پر اللہ تعالیٰ کا عذاب آیا اور ان کی خوش حالی ایک قصۂ پارینہ بن کر رہ گئی۔

3 تفصیلی جواب دیجیے۔

(i) سُوْرَۃُ سَبَا پر ایک مفصل مضمون تحریر کیجیے۔

جواب: سُوْرَۃُ سَبَا کا تعارف:

سُوْرَۃُ سَبَا مکی سورت ہے۔ اس میں چون (54) آیات ہیں۔ سُوْرَۃُ سَبَا کا نام قومِ سبا کے نام پر ہے۔ قومِ سبا یمن میں آباد تھی، اللہ تعالیٰ نے انھیں ہر طرح کی خوش حالی سے نوازا تھا، لیکن انھوں نے ناشکری کی روش اختیار کی اور کفر و شرک کو فروغ دیا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ان پر اللہ تعالیٰ کا عذاب آیا اور ان کی خوش حالی ایک قصۂ پارینہ بن کر رہ گئی۔ اس سورت میں قومِ سبا کا ذکر موجود ہے، اسی مناسبت سے اس کا نام سُوْرَۃُ سَبَا رکھا گیا ہے۔

سُوْرَۃُ سَبَا کا خلاصہ

"اسلام کے بنیادی عقائد کا بیان اور آخرت کے بارے میں مشرکین کے اعتراضات کا جواب" ہے۔

سُوْرَۃُ سَبَا کے مضامین:

عظمتِ باری تعالیٰ:

سُوْرَۃُ سَبَا کے آغاز میں عظمتِ باری تعالیٰ کا بیان ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ کی ذات عظمت و جلال والی ہے۔ وہ کائنات کی ہر چیز کی خالق و مالک ہے۔ اسی نے اس کائنات کو تخلیق کیا ہے۔

مشرکین کے اعتراضات کے جوابات:

مشرکین اپنے عقیدہ باطلہ کی بنیاد پر جو اعتراضات کرتے اللہ تعالیٰ اور آخرت کے بارے میں اُس اعتراضات کا جواب بڑی تفصیل سے دیا گیا ہے۔

Watch video explanation of these notes on our YouTube Channel Last Hope Study

Watch Video Explanation of these notes on our website: www.LastHopeStudy.Com

حضرت داؤد علیہ السلام اور حضرت سلیمان علیہ السلام کا ذکر:

حضرت داؤد علیہ السلام اور ان کے بیٹے حضرت سلیمان علیہ السلام کا ذکر کیا گیا ہے، جنھیں اللہ تعالیٰ نے عظیم الشان سلطنت، بے شمار نعمتیں اور بہت سے معجزے عطا فرمائے تھے۔ یہ انبیاء کرام علیہم السلام ان نعمتوں پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے اور اس کی فرماں برداری کرتے رہے۔

قوم سبا کا ذکر:

قومِ سبا کا ذکر ہے جنھیں بھی نعمتیں عطا ہوئیں لیکن انھوں نے ناشکری کی روش اختیار کی، جس کی وجہ سے دنیا میں بھی سخت عذاب کا شکار ہوئے اور آخرت کی سزا کے بھی حق دار بنے۔ ان دونوں مثالوں کا ذکر فرما کر سبق دیا گیا ہے کہ دنیا میں ملنے والے اقتدار یا خوش حالی میں مگن ہو کر اللہ تعالیٰ کو بھول جانا تباہی کو دعوت دینا ہے۔

LAST HOPE STUDY

Watch video explanation of these notes on our YouTube Channel Last Hope Study